**28.09.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ..................... کلیم احمد

**Music**

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ آنے والے تہواروں کو سودیشی مصنوعات کے ساتھ منائیں تاکہ نوجوان کاروباری افراد کے خوابوں کو اڑان مل سکے۔
- ☆ آکاشوانی پر ''من کی بات'' پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے، وزیرِ اعظم نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ گاندھی جینتی کے موقع پر کھادی مصنوعات ضرور خریدیں تاکہ ''ووکل فار لوکل'' مہم کو فروغ حاصل ہوسکے۔
- ☆ وزیر اعظم نے بحریہ کی دو افسروں کی سیل بوٹ کامیابی کو سراہا اور کہا کہ ان کی یہ کامیابی ملک کے نوجوانوں، خاص طور پر لڑکیوں کیلئے ایک بڑی تحریک ثابت ہوگی۔
- ☆ تمل ناڈو میں Karur میں بھگدڑ کے واقعے کیلئے TVK پارٹی کے جنرل سکریٹری اور چار دیگر افراد کے خلاف شکایت درج کی گئی ہے۔ اس واقعے میں 39 افراد ہلاک ہوگئے۔
- ☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ عالمی محصولات میں اتار چڑھاؤ اور غیریقینی مارکیٹ رسائی کے باوجود بھارت متبادل کے انتخاب کی اپنی آزادی کو ہمیشہ برقرار رکھے گا۔
- ☆ اور کرکٹ میں، آج شام دوبئی میں ایشیا کپ کے فائنل میں بھارت کا سامنا روایتی حریف پاکستان سے ہوگا۔ ایشیا کپ کی 41 برس کی تاریخ میں فائنل میں پہلی مرتبہ دونوں ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی۔

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM Mann KI Baat**

وزیرِاعظم نریندر مودی نے آج عوام سے اپیل کی کہ وہ آنے والے تہواروں کو سوَدیشی مصنوعات کے ساتھ منائیں اور 'ووکل فار لوکل' کو اپنا منتر بنائیں۔ آکاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ آنے والے دنوں میں ایک کے بعد ایک تہوار آرہے ہیں اور اس دوران GST بچت اتسو بھی جاری ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ملک میں ہی تیار کی گئی اشیاء کو خریدنے کا عہد کریں۔

**SB - 1400 - MKB - Local for Vocal & GST**

وزیرِ اعظم نے کہا کہ گاندھی جینتی 2 اکتوبر کو منائی جائے گی۔ مہاتما گاندھی ہمیشہ سودیشی مصنوعات کو اپنانے پر زور دیتے تھے اور کھادی ان میں سب سے نمایاں تھی۔

جناب مودی نے سبھی لوگوں سے اپیل کی کہ وہ 2 اکتوبر کو کھادی کا کوئی نہ کوئی سامان ضرور خریدیں اور اسے سوشل میڈیا پر ہیش ٹیگ ''ووکل فار لوکل'' کے ساتھ شیئر کریں۔

وزیرِ اعظم نے بھارتی بحریہ کے دو بہادر افسروں کے کارنامے کو بھی اجاگر کیا، جو Navika ساگر پریکرما کے دوران آٹھ مہینے تک سمندر میں رہے۔ لیفٹیننٹ کمانڈر Dilna اور لیفٹیننٹ کمانڈر روپا پہلی بھارتی، پہلی ایشیائی اور دنیا کی پہلی ایسی افراد بنیں، جنہوں نے سیل بوٹ پر یہ کارنامہ انجام دیا۔ وزیر اعظم نے اعتماد ظاہر کیا کہ ان کی محنت، کامیابی اور کارنامے نوجوانوں خصوصاً ملک کی لڑکیوں کیلئے حوصلہ اور تحریک کا باعث بنیں گے۔

وزیر اعظم نے اس بات پر بھی اپنی خوشی ظاہر کی کہ چھٹھ پوجا اب ایک عالمی تہوار بنتا جا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت کوشش کررہی ہے کہ چھٹھ مہاپرو کو یونیسکو کے دائمی ثقافتی ورثے کی فہرست میں شامل کیا جائے۔

**SB - 1400 - MKB - Chhat**

جناب مودی نے کہا کہ ''من کی بات'' کے اِس 126ویں نشریے کی ایک خاص اہمیت ہے کیونکہ آج مجاہدِ آزادی بھگت سنگھ اور گلوکارہ لتا منگیشکر کی جینتی بھی ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ ہتھ کرگھہ اور دست کاری کے شعبے میں بھی نمایاں تبدیلیاں دیکھنے کو مل رہی ہیں۔ انہوں نے جھارکھنڈ کے رہنے والے آشِش ستیہ وَرَت ساہو کا ذکر کیا، جنہوں نے Johargram برانڈ کے ذریعے قبائلی بُنائی کی اور اپنی ملبوسات کو عالمی سطح تک پہنچایا۔

وزیر اعظم نے اس بات کو اجاگر کیا کہ ملک آنے والے دنوں میں وجے دَشمی کا تہوار منائے گا۔ انہوں نے کہا کہ وجے دَشمی کا یہ تہوار ایک اور وجہ سے بے حد خاص ہے۔ اس دن راشٹریہ سویم سیوک سَنگھ کے قیام کے 100 سال مکمل ہورہے ہیں۔

مہارِشی والمیکی جینتی 7 اکتوبر کو منائی جائے گی۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے مہارشی والمیکی کو خراجِ عقیدت پیش کیا اور کہا کہ انہوں نے انسانیت کو رامائن جیسی عظیم رزمیہ تخلیق پیش کرکے لوگوں کو بھگوان رام کے اوتار کتھاؤں سے روشناس کرایا۔
وزیرِ اعظم نے اس بات پر زور دیا کہ بھگوان رام نے خدمت، بھائی چارہ اور ہمدردی کے جذبے کے ساتھ سبھی کو گلے لگایا۔
انہوں نے کہا کہ مہارشی والمیکی کی رامائن کے رام، ماتا شَبری اور Nishadraj کے بغیر مکمل نہیں ہیں۔

من کی بات کے اس نشریے میں، وزیر اعظم مودی نے سنہالی اور تمل زبانوں میں بھوپین ہزاریکا کے مشہور گیت ''Manuhe Manuhor Babe'' کو سنوایا۔ جناب مودی نے آسام کے مشہور گلوکار زوبین گرگ کے اچانک انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ زوبین گرگ ایک نامور گلوکار تھے، جنہوں نے پورے ملک میں اپنی منفرد شناخت قائم کی۔ x

**<u>Seva Parv - PM Jan Dhan Yojana</u>**

سیوا اور سُشاسن یعنی عوامی خدمت اور اچھی حکمرانی کے منتر سے تحریک حاصل کرتے ہوئے، وزیرِاعظم نریندر مودی کی

قیادت میں حکومت، انقلابی تبدیلی اور ترقی کیلئے مسلسل محنت کررہی ہے۔ آج 'سیوا پرو' کے خصوصی سلسلے کے تحت ہم آپ کو بتا رہے ہیں کہ مودی حکومت نے کس طرح پردھان منتری جن دھن یوجنا کے ذریعے مالی شمولیت کے عمل کو آگے بڑھایا ہے، جس نے لاکھوں گھروں کو بینکنگ، بچت اور وقار کے ساتھ زندگی گزارنے تک رسائی فراہم کرکے بااختیار بنایا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ ....

**Capsule**

*مالی شمولیت پچھلی دہائی میں بھارت کی ترقی کی کہانی کی بنیاد رہی ہے اور یہ نریندر مودی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل رہی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ پردھان منتری جن دھن یوجنا، وزیر اعظم نریندر مودی کے 2014 میں عہدہ سنبھالنے کے بعد شروع کی جانے والی پہلی اہم اسکیموں میں سے ایک ہے۔ یہ اسکیم صرف بینک کھاتے کھلوانے کا پروگرام نہیں، بلکہ لوگوں کو بااختیار بنانے کا ایک اہم ذریعہ تھی۔*

***SB - Modi Jan Dhan***

*آج جن دھن اکاؤنٹس کی تعداد 56 کروڑ سے زیادہ ہوچکی ہے، جو اسے دنیا کی سب سے بڑی مالی شمولیت کی اسکیم بناتی ہے۔ اس کامیابی کو مزید کارآمد بنانے والی بات، اس اسکیم میں سبھی کی شمولیت ہے۔*

*67 فیصد اکاؤنٹس دیہی اور نیم شہری علاقوں میں ہیں، جبکہ 56 فیصد اکاؤنٹس خواتین کے نام پر ہیں۔*

***SB - Beneficiaries***

*ہر گھر تک ہمہ گیر بینک کاری سہولت پہنچانے کا یہ مشن آج فوائد کی براہِ راست منتقلی DBT کی بنیاد اور ڈیجیٹل معیشت کو فروغ دینے کا محرک بھی ہے۔ آج پردھان منتری جن دھن یوجنا لوگوں کی زندگیوں کو بدل رہی ہے اور سماج کے ہر طبقے تک ترقی کے ثمرات پہنچا رہی ہے۔x*

**Karur Stampede**

تمل ناڈو کے Karur میں ایک سیاسی ریلی میں بھگدڑ کے واقعے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 39 ہو گئی ہے۔ طبی تعلیم کے ڈائریکٹر کے مطابق 81 افراد زیرِ علاج ہیں۔ دو مریض کی حالت نازک ہے اور دونوں ہی وینٹی لیٹر پر ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اس افسوسناک واقعے میں جان گنوانے والے افراد کے لواحقین کو، وزیر اعظم قومی راحتی فنڈ سے دو - دو لاکھ روپے کی مالی مدد دینے کا اعلان کیا ہے۔ زخمیوں کو 50 - 50 ہزار روپے دیے جائیں گے۔ اسی سے وابستہ ایک اور پیشرفت میں Tamilaga Vetri Kazhagam کے بانی اداکار سے سیاستداں بنے Vijay نے مہلوکین کے لواحقین کو 20 - 20 لاکھ روپے کی مالی مدد دینے کا اعلان کیا ہے۔

تمل ناڈو کے DGP، جی وینکٹ رَمن نے کہا کہ TVK پارٹی کے جنرل سکریٹری این آنند اور چار دیگر افراد کے خلاف بھگدڑ کے اِس واقعے کیلئے شکایت درج کی گئی ہے۔ x

**Jaishankar - UNGA**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت کے پڑوس میں ایک ایسا ملک ہے، جو عالمی دہشت گردی کا اصل مرکز ہے اور یہ کہ بھارت نے آزادی کے بعد سے ہی دہشت گردی کے چیلنج کا سامنا کیا ہے۔ اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 80 ویں اجلاس کے عام مباحثہ سے اپنے خطاب میں، ڈاکٹر جے شنکر نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ کئی دہائیوں سے، بڑے بین الاقوامی دہشت گردانہ حملوں کے لیے صرف ایک ملک ہی ذمہ دار پایا گیا ہے۔ انہوں نے اِس سلسلے میں اِس سال اپریل میں پہلگام میں بے قصور سیاحوں کے قتل کی مثال پیش کی۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ دنیا، اب محصول کی شرحوں میں اُتار چڑھاؤ اور مارکیٹ سے متعلق بے یقینی کی صورتحال کا سامنا کر رہی ہے۔

انہوں نے اِس بات کو نمایاں کیا کہ خاص طور پر 2022 کے بعد سے لڑائی اور خلل اندازی کے سبب، توانائی اور خوراک کی یقینی فراہمی پر سب سے پہلے اثر پڑتا ہے۔×

**Asisa Cup Cricket**

کرکٹ میں، آج دوبئی میں ایشیا کپ کے فائنل میں بھارت کا مقابلہ روایتی حریف پاکستان سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات 8 بجے شروع ہوگا۔ ایشیاء کپ کی تاریخ میں گزشتہ 41 برس کے دوران 17 ایڈیشنز میں، بھارت اور پاکستان کے درمیان یہ پہلا خطابی مقابلہ ہوگا۔ ایشیا کپ کی تاریخ میں بھارت سب سے زیادہ کامیاب ٹیم رہی ہے۔ اُس نے 8 مرتبہ ایشیا کپ کا خطاب حاصل کیا ہے ۔ بھارت کی ٹیم، 2023 میں ایک روزہ بین الاقوامی میچ کی سیریز جیتنے کے بعد موجودہ چمپئن کے طور پر میدان میں اُترے گی۔ x

**Bihar VP**

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھاکرشنن نے آج کہا کہ زبانوں اور بولیوں میں تنوع اور رنگارنگی کے باوجود، بھارت ہمیشہ متحد رہا ہے، کیونکہ یہ دھرم کے جذبے کے ساتھ آپس میں جڑا ہوا ہے۔ جناب رادھاکرشنن نے کہا کہ پورے ملک میں زبانیں، ادب اور ثقافت، اظہار کے یکساں اقدار سے مشترک ہیں اور اختلافات ختم کرنے میں مدد کرتی ہیں۔

پٹنہ میں، ساہتیہ اکادمی کے زیر اہتمام، تیسرے ادبی میلے UNMESH کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے، نائب صدر جمہوریہ نے کہا کہ UNMESH جیسی تقریبات سے ''ایک بھارت-شریشٹھ بھارت'' کے ویژن کی عکاسی ہوتی ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆